Charter Revision Commission

چارٹر ریویژن کمیشن کا حتمی اجلاس

پیر، 21 جولائی، 2025، دوپہر 1 بجے
Landmarks Preservation Commission Public Hearing Room
(لینڈ مارکس پرزرویشن کمیشن پبلک ہیئرنگ روم)
253 Broadway, 2nd Floor, New York, NY 10007
عمارت میں داخل ہونے کے لیے براہ کرم حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناخت نامہ ساتھ لائیں۔

عوامی اجلاس کا نوٹس

نیو یارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن پیر 21 جولائی 2025 کو دوپہر 1 بجے ایک عوامی اجلاس منعقد کرنے جارہا ہے۔ یہ میٹنگ نیویارک سٹی لینڈ مارکس پریزرویشن کمیشن پبلک ہیئرنگ روم ، 253 براڈ وے، دوسری منزل، نیویارک، نیویارک 10007میں منعقد ہوگی۔ یاد رہےعمارت میں داخل ہونے کے لیے حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناخت نامہ درکار ہے۔

کمیشن کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ 4 نومبر 2025 کے عام انتخابات، یا قانون کے مطابق کسی اور نامزد انتخابی تاریخ پر ووٹروں کے سامنے پیش کرنے کے لیے نیویارک سٹی چارٹر پر نظرثانی کرنے کے لئےغور کرے۔

یہ اجلاس عوام کے لیے کھلا ہے۔ یہ ایک عوامی اجلاس ہے اور عوامی سماعت نہیں، اس لئے اگر چہ عوام کو کمیشن کے مباحثوں کو دیکھنے کا موقع ملے گا، لیکن اس کے سامنے گواہی نہیں دی جا سکتی۔

کمیشن کی ویب سائٹ www.nyc.gov/charter پر تمام عوامی سماعتوں اور میٹنگوں کو لائیو سٹریم کرنے کا لنک دستیاب ہوگا۔

اگر مجھے میٹنگ کا مشاہدہ کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو کیا ہوگا؟
یہ مقام وہیل چیئر یا نقل و حرکت کے دیگر آلات استعمال کرنے والے افراد کے لیے قابل رسائی ہے۔ امریکی اشارے کی زبان اور ہسپانوی ترجمہ کاری آن لائن اور سائٹ پر فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل کرکے یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور وائس میل چھوڑ کر زبان کی ترجمہ کاری اور/یا رسائی کی دیگر درخواستیں میٹنگ کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کریں جس میں آپ شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن کے بارے میں www.nyc.gov/charter پر جا کر **مزید معلومات حاصل کریں۔**